# جغرافیہ

ساتویں جماعت



# بھارت کا آئین

## حصہ 4 الف

## بنیادی فرائض

**حصہ 51 الف**

**بنیادی فرائض - بھارت کے ہر شہری کا یہ فرض ہوگا کہ وہ...**

(الف) آئین پر کاربند رہے اور اس کے نصب العین اور اداروں، قومی پرچم اور قومی ترانے کا احترام کرے۔

(ب) ان اعلیٰ نصب العین کو عزیز رکھے اور ان کی تقلید کرے جو آزادی کی تحریک میں قوم کی رہنمائی کرتے رہے ہیں۔

(ج) بھارت کے اقتدارِ اعلیٰ، اتحاد اور سالمیت کو مستحکم بنیادوں پر استوار کر کے ان کا تحفّظ کرے۔

(د) ملک کی حفاظت کرے اور جب ضرورت پڑے قومی خدمت انجام دے۔

(ہ) مذہبی، لسانی اور علاقائی وطبقاتی تفرقات سے قطع نظر بھارت کے عوام الناس کے مابین یک جہتی اور عام بھائی چارے کے جذبے کو فروغ دے نیز ایسی حرکات سے باز رہے جن سے خواتین کے وقار کو ٹھیس پہنچتی ہو۔

(و) ملک کی ملی جلی ثقافت کی قدر کرے اور اُسے برقرار رکھے۔

(ز) قدرتی ماحول کو جس میں جنگلات، جھیلیں، دریا اور جنگلی جانور شامل ہیں محفوظ رکھے اور بہتر بنائے اور جانداروں کے تئیں محبت وشفقت کا جذبہ رکھے۔

(ح) دانشورانہ رویے سے کام لے کر انسان دوستی اور تحقیقی واصلاحی شعور کو فروغ دے۔

(ط) قومی جائداد کا تحفظ کرے اور تشدد سے گریز کرے۔

(ی) تمام انفرادی اور اجتماعی شعبوں کی بہتر کارکردگی کے لیے کوشاں رہے تاکہ قوم متواتر ترقی وکامیابی کی منازل طے کرنے میں سرگرمِ عمل رہے۔

(ک) اگر ماں باپ یا ولی ہے، چھے سال سے چودہ سال تک کی عمر کے اپنے بچے یا وارڈ، جیسی بھی صورت ہو، کے لیے تعلیم کے مواقع فراہم کرے۔

سرکاری فیصلہ نمبر : ابھیاس-۲۱۱۶/(پر۔نمبر۱۶/۴۳)ایس ڈی-۴ مؤرّخہ ۲۵/اپریل ۲۰۱۶ء کے مطابق قائم کی گئی
رابطہ کار کمیٹی کی نشست مؤرّخہ ۳/مارچ ۲۰۱۷ء میں اس کتاب کو درسی کتاب کے طور پر منظوری دی گئی۔

# جغرافیہ

## ساتویں جماعت



مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ۔

اپنے اسمارٹ فون میں انسٹال کردہ Diksha App کے ذریعے درسی کتاب کے پہلے صفحے پر درج Q.R. code اسکین کرنے سے ڈیجیٹل درسی کتاب اور ہر سبق میں درج Q.R. code کے ذریعے متعلقہ سبق کی درس وتدریس کے لیے مفید سمعی وبصری ذرائع دستیاب ہوں گے۔

پہلا ایڈیشن: 2017
چوتھا اصلاح شدہ ایڈیشن: 2021

© مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ ۴۱۱۰۰۴

اس کتاب کے جملہ حقوق مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ کے حق میں محفوظ ہیں۔ اس کتاب کا کوئی بھی حصہ ڈائرکٹر، مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل کی تحریری اجازت کے بغیر شائع نہیں کیا جا سکتا۔

**مضمون جغرافیہ کمیٹی :**

- ڈاکٹر این۔ جے۔ پوار، صدر
- ڈاکٹر سریش جوگ، رکن
- ڈاکٹر رجنی مانک راؤ دیشمکھ، رکن
- شری سچن پرشورام آہیر، رکن
- شری گوری شنکر دتاتریہ کھوبرے، رکن
- شری آر۔ جے۔ جادھو، رکن۔سکریٹری

**مضمون جغرافیہ اسٹڈی گروپ:**

- ڈاکٹر ہیمنت منگیش راؤ پیڈنیکر
- ڈاکٹر کلپنا پربھاکر راؤ دیشمکھ
- ڈاکٹر سریش گینو راؤ سالوے
- ڈاکٹر ہنمنت لکشمن نارائن کر
- ڈاکٹر پرڈیوگن ششی کانت جوشی
- شری سنجے شری رام پیٹھنے
- شری شری رام رگھوناتھ ویجاپورکر
- شری پنڈلک دتاتریہ نلاوڑے
- شری اتل دیناناتھ کلکرنی
- شری بابوراؤ شری پتی پووار
- ڈاکٹر شیخ حسین حمید
- شری اوم پرکاش رتن تھیٹے
- شری پدماکر پرلھادراؤ کلکرنی
- شری شانتارام نتھو پاٹل

**Urdu Translators**
Mr. Masood Zafar Ansari
Mr. Khan Hasnain Aqib
Dr. Syed Yahya Nasheet

**Co-ordinator (Urdu)**
Khan Navedul Haque Inamul Haque,
Special Officer for Urdu,
M.S. Bureau of Textbooks, Balbharati

**Urdu D.T.P. & Layout**
Asif Nisar Sayyed
Yusra Graphics, 305, Somwar Peth, Pune-11.

**Artists :**
Shri Bhatu Ramdas Bagale
Shri Nilesh Jadhav

**Cover & Designing**
Shri Bhatu Ramdas Bagale

**Cartography:**
Shri Ravikiran Jadhav

**Production**
Shri Sachchitanand Aphale
Chief Production Officer

Shri Vinod Gawde
Production Officer, Balbharati

Shrimati Mitali Shitap
Assistant Production Officer

**Paper :**
70 GSM Creamvowe

**Print Order:**
N/PB/2021-22/(1,18,000)

**Printer :**
M/s Sahil Print Arts, Thane

**Publisher**
**Shri Vivek Uttam Gosavi**
Controller,
M.S. Bureau of Textbook Production,
Prabhadevi, Mumbai - 25

# بھارت کا آئین

## تمہید

**ہم بھارت کے عوام** متانت وسنجیدگی سے عزم کرتے ہیں کہ بھارت کو
ایک **مقتدر سماج وادی غیر مذہبی عوامی جمہوریہ** بنائیں
اور اس کے تمام شہریوں کے لیے حاصل کریں :
**انصاف،** سماجی ، معاشی اور سیاسی ؛
**آزادی** خیال، اظہار، عقیدہ ، دین اور عبادت ؛
**مساوات** بہ اعتبارِ حیثیت اور موقع ،
اور ان سب میں
**اُخوّت** کو ترقّی دیں جس سے فرد کی عظمت اور قوم کے اتّحاد اور
سالمیت کا تیقّن ہو؛
**اپنی آئین ساز اسمبلی میں** آج چھبّیس نومبر ۱۹۴۹ءکو یہ آئین
ذریعۂ ہٰذا اختیار کرتے ہیں،
**وضع کرتے ہیں اور اپنے آپ پر نافذ کرتے ہیں۔**

## راشٹر گیت

جَنَ گَنَ مَنَ – اَدِھ نایک جَیَہ ہے
بھارَتَ – بھاگیہ وِدھاتا۔

پنجاب، سِندھ، گُجراتَ، مَراٹھا
دراوِڑَ، اُتکَل، بنگَ،

وِندھیہ، ہماچَل، یَمُنا، گنگا،
اُچّھَل جَل دِھ تَرَنگَ،

تَوَ شُبھ نامے جاگے، تَوَ شُبھ آ شِس ماگے،
گاہے تَوَ جَیَہ گاتھا،

جَنَ گَنَ منگل دایَک جَیَہ ہے،
بھارَتَ – بھاگیہ وِدھاتا۔

جَیَہ ہے، جَیَہ ہے، جَیَہ ہے،
جَیَہ جَیَہ جَیَہ، جَیَہ ہے۔

## عہد

بھارت میرا ملک ہے۔ سب بھارتی میرے بھائی اور بہنیں ہیں۔

مجھے اپنے وطن سے پیار ہے اور مَیں اس کے عظیم و گونا گوں وِرثے پر فخر محسوس کرتا ہوں۔ مَیں ہمیشہ اِس ورثے کے قابل بننے کی کوشش کروں گا۔

میں اپنے والدین، استادوں اور بزرگوں کی عزّت کروں گا اور ہر ایک سے خوش اخلاقی کا برتاؤ کروں گا۔

میں اپنے ملک اور اپنے لوگوں کے لیے خود کو وقف کرنے کی قسم کھاتا ہوں۔ اُن کی بہتری اور خوش حالی ہی میں میری خوشی ہے۔

## پیش لفظ

عزیز طلبہ!

ساتویں جماعت میں آپ کا استقبال ہے۔ تیسری سے پانچویں جماعت تک کے ماحولیاتی مطالعے اور چھٹی جماعت کی جغرافیہ کی درسی کتاب میں آپ جغرافیہ پڑھتے آ رہے ہیں۔ ساتویں جماعت کے لیے جغرافیہ کی درسی کتاب آپ کے ہاتھوں میں سونپتے ہوئے ہمیں بڑی خوشی محسوس ہو رہی ہے۔

آپ کے اطراف میں کئی واقعات رونما ہوتے ہیں۔ سردی، گرمی، برسات کے روپ میں قدرت سے ہماری ملاقات ہوتی ہے۔ بدن کو مس کرنے والی ہوا کی لہریں ہمیں مسرت بخش محسوس ہوتی ہیں۔ ایسے کئی قدرتی واقعات، قدرت وغیرہ کی وضاحت جغرافیہ کے مطالعے سے ہوتی ہے۔ جغرافیہ آپ کو مسلسل قدرت کی طرف راغب کرنے کی کوشش کرتی ہے۔ اس مضمون میں جانداروں، قدرت اور ایک دوسرے کے مابین عمل کا مطالعہ بھی کیا جاتا ہے۔

اس مضمون میں آپ کو زمین سے متعلق کئی بنیادی اقدار سیکھنا ہے۔ آپ کی روزمرہ زندگی سے منسلک انسانی پیشوں کے کئی عنصر اس مضمون کے ذریعے سمجھنے ہیں۔ اگر آپ یہ اچھی طرح سمجھ لیں تو مستقبل میں ضرور فائدہ مند ثابت ہوگا۔ اس مضمون کے ذریعے ہم مختلف انسانی گروہوں کے مابین معاشی، سماجی، تہذیبی و ثقافتی عوامل کا بھی مطالعہ کریں گے۔

اس مضمون کو سیکھنے کے لیے مشاہدہ، تفہیم و ادراک اور تجزیے کی مہارت ضروری ہے۔ اس کا ہمیشہ استعمال کیجیے۔ نقشے، ترسیم، تصاویر، معلومات، جدول وغیرہ اس مضمون کے مطالعے کے ذرائع ہیں۔ ان کے استعمال کی مشق کیجیے۔

درسی کتاب میں دی ہوئی چھوٹی چھوٹی سرگرمیاں آپ ضرور کریں۔ یہ بات ہمیشہ ذہن نشین رکھیں کہ اس درسی کتاب کے مطالعے کے وقت گزشتہ درسی کتابوں کے ذریعے سیکھی ہوئی باتیں آپ کے لیے ضرور فائدہ مند ثابت ہوں گی۔

آپ تمام کو دل کی گہرائیوں سے نیک خواہشات!



(ڈاکٹر سنیل مگر)
**ڈائرکٹر**
مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و
ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ

پونہ۔
تاریخ: ۲۸/ مارچ ۲۰۱۷ء (گڈی پاڑوا)
۷ چیتر، شکے ۱۹۳۹

# مضمون جغرافیہ کے آموزشی ماحصل

| درس میں تجویز کردہ تعلیمی عمل | آموزشی ماحصل |
|---|---|
| **طالب علم کو انفرادی طور پر/ جوڑی میں/گروہ میں مواقع فراہم کرنا اور انھیں درج ذیل امور کی ترغیب دینا۔** | **طالب علم ۔** |
| • فلکیاتی واقعے کو سمجھنے کے لیے والدین/ اساتذہ کی رہنمائی میں تارے، سیارے، ذیلی سیارے (چاند)، گرہن کا مشاہدہ کرنا۔<br>• گرہن کے تعلق سے توہم پرستی کے بارے میں تشخیصی مباحثہ کرنا۔<br>• سورج، چاند، زمین کی گردش سمجھنے کے لیے شکلیں، ماڈلس اور موسموں کی تشکیل کے وسائل استعمال کرنا۔ | 07.73G.01 زمین کے جھکے ہوئے محور، محوری اور مداری گردش کی وجہ سے دن- رات اور موسم بنتے ہیں، اس کی وضاحت کرتا ہے۔<br>07.73G.02 زمین پر مختلف موسموں کے سبب جانداروں پر ہونے والے اثرات بتاتا ہے۔<br>07.73G.03 زمین سے نظر آنے والے گرہن یہ فلکیاتی واقعات ہیں، یہ پہچانتا ہے۔<br>07.73G.04 گرہن کے تعلق سے توہم پرستی کا تنقیدی جائزہ لیتا ہے۔ |
| • مٹی کی تیاری کے تعلق سے قدرتی اجزا اور اس کے پس پشت وجوہات سمجھنا۔<br>• آس پاس کے ماحول/ علاقوں سے مٹی کے نمونے جمع کر کے مٹی کی قسم پہچاننا اور جماعت بندی کرنا۔ | 07.73G.05 مختلف قسم کی مٹی یہ قدرتی وسائل ہیں، اس کے تحفظ کے تعلق سے حساسیت کا اظہار کرتا ہے۔<br>07.73G.06 نقشے سے مہاراشٹر میں پائی جانے والی مٹی کی قسمیں بتاتا ہے۔ |
| • درجۂ حرارت کے پٹوں اور ہوا کے دباؤ کے پٹوں کے آپسی تعلق کو سمجھنا۔<br>• نقشہ اور جغرافیائی وسائل کا استعمال کر کے علاقے کے ہوا کے دباؤ کے موضوع پر مباحثہ کرنا۔ | 07.73G.07 ہوا کے دباؤ کے اثرات کی وضاحت کرتا ہے۔<br>07.73G.08 نقشے میں ہوا کے یکساں دباؤ کے پٹوں کے ذریعے کسی علاقے کے ہوا کا دباؤ واضح کرتا ہے۔ |
| • ہواؤں کی سمت میں ہونے والی تبدیلیوں کو سمجھنا۔<br>• ہواؤں کی مقامی اور بین الاقوامی قسموں کی وضاحت کرنا۔<br>• ٹکنالوجی کا استعمال کر کے طوفان کے تعلق سے معلومات جمع کرنا۔<br>• سمندری پانی کے بہاؤ پر ہونے والے اثرات واضح کرنے کے لیے مختلف سرگرمی، ماڈلس استعمال کرنا۔ | 07.73G.09 ہوا کے بننے کی وجوہات بتاتا ہے۔<br>07.73G.10 ہوا کی قسمیں بتاتا ہے۔<br>07.73G.11 ہوا سے رونما ہونے والے نتائج واضح کرتا ہے۔<br>07.73G.12 سورج، چاند، زمین کا سمندری حرکت پر ہونے والے اثرات بتاتا ہے۔ |
| • انسانی اعمال کی وجہ سے کسی علاقے کے زراعت کے تکمیلی پیشوں میں زمانے کے لحاظ سے کس طرح تبدیلیاں ہوئیں، یہ سمجھنا۔<br>• زراعتی سیاحت اور قدرتی طریقے سے حاصل کردہ پیداوار کی اہمیت واضح کرنا۔<br>• جدید کاشت کاری اور خرید و فروخت کے طریقوں کی معلومات جمع کرنا۔ | 07.73G.13 زراعت کے مختلف تکمیلی پیشے بتاتا ہے۔<br>07.73G.14 زراعت کی مختلف قسمیں مثالوں کے ساتھ واضح کرتا ہے۔<br>07.73G.15 زراعت کے لیے تجارتی نظم کی اہمیت واضح کرتا ہے۔<br>07.73G.16 انسانی زندگی اور ملک کے اقتصادی نظام میں زراعت کی اہمیت بتاتا ہے۔ |
| • فطری تخلیق کے مطابق جانداروں کے توافق کو سمجھنا۔<br>• حوالوں، نقشوں کا استعمال کر کے قدرتی علاقوں کے بارے میں مباحثہ کرنا۔<br>• کسی مخصوص علاقے کے تعلق سے سوالات کرنا اور اس کے بارے میں تحقیق کرنا۔ | 07.73G.17 علاقے کے قدرتی اجزا کا جانداروں پر ہونے والا اثر بتاتا ہے۔<br>07.73G.18 دنیا کے خاکے میں قدرتی خطے بتاتا ہے۔ |
| • انسانی بستیوں کی توسیع اور تواتری تشکیل کو سمجھنا۔<br>• کسی علاقے کی انسانی اور قدرتی تشکیل کے آپسی تعلقات کے موافق اور ناموافق نتائج کا تجزیہ کرنا۔ | 07.73G.19 بستیوں کی تشکیل میں انسان نے جغرافیائی اجزا کو کس طرح استعمال کیا ہے، یہ بیان کرتا ہے۔<br>07.73G.20 انسانی بستی کی قسموں میں پائی جانے والی تواتری تشکیل کو پہچانتا ہے۔ |
| • نقشے اور دیگر جغرافیائی وسائل استعمال کر کے کسی علاقے کی زمینی شکلوں کو پہچاننا۔<br>• نقشوں کی مدد سے جغرافیائی اجزا کے تعلق سے نتائج اخذ کرنا۔ | 07.73G.21 قطوری خطوط بناتا ہے۔<br>07.73G.22 قطوری خطوط سے بنے نقشے کا مطالعہ کرتا ہے۔<br>07.73G.23 قطوری خطوط سے بنے نقشے کے استعمال بتاتا ہے۔ |

## — ہدایات برائے اساتذہ —

- ✓ درسی کتاب کو پہلے خود سمجھ لیں۔
- ✓ ہر سبق کی سرگرمیوں کے لیے پوری توجہ سے آزادانہ منصوبہ بندی کریں۔ منصوبہ بندی کے بغیر تدریس مؤثر ثابت نہیں ہوگی۔
- ✓ درس و تدریس کے دوران 'باہمی عمل'، 'عمل'، 'تمام طلبہ کی شمولیت' نیز آپ کی فعال رہنمائی نہایت ضروری ہے۔
- ✓ مضمون جغرافیہ کے صحیح تجزیے کے لیے ضروری ہے کہ اسکول میں دستیاب جغرافیائی وسائل کا حسبِ ضرورت استعمال کرتے رہیں۔ چنانچہ اسکول میں دستیاب گلوب، دنیا، بھارت اور ریاست کے نقشے، نقشوں کی کتاب (اٹلس)، تپش پیما جیسے وسائل کا استعمال ناگزیر ہے۔
- ✓ اسباق کی تعداد اگرچہ محدود ہے لیکن ہر سبق کے لیے ضروری پیریڈ کا بطور خاص خیال رکھا گیا ہے۔ غیر مرئی تصورات مشکل اور غیر واضح ہوتے ہیں اس لیے فہرست میں درج پیریڈ کا پورا پورا استعمال کریں۔ سبق کو جلد ہی نہ نپٹائیں۔ اس طرح طلبہ پر ذہنی بوجھ بھی نہ بڑھے گا اور مضمون کی تفہیم میں مدد ہوگی۔
- ✓ جغرافیائی تصورات کو دیگر سماجی علوم کی طرح آسانی سے سمجھنا مشکل ہوتا ہے۔ جغرافیہ کے اکثر تصوّرات سائنسی اور غیر مرئی بنیادوں پر منحصر ہوتے ہیں۔ گروہی کام اور آپسی تعاون سے سیکھنے کے عمل کو اہمیت دی جائے۔ اس کے لیے از سرِ نو درجہ بندی کریں۔ جماعت کی درجہ بندی اس طرح کریں کہ طلبہ میں سیکھنے کی زیادہ سے زیادہ لگن پیدا ہو۔
- ✓ اسباق میں مختلف چوکون اور ان میں دی ہوئی معلومات بتانے والی 'گلوبی' کو شبیہہ کے طور پر استعمال کیا گیا ہے۔ یہ شبیہہ طلبہ میں مقبول ہو اس کا خیال رکھیں جس کی وجہ سے طلبہ میں مضمون کے تئیں دلچسپی پیدا ہوگی۔
- × یہ درسی کتاب نظریۂ تشکیلِ علم اور عملی سرگرمیوں پر منحصر ہے۔ اس لیے جماعت میں درسی کتاب کے اسباق پڑھ کر نہ سکھائے جائیں۔
- ✓ تصورات کی ترتیب کو مدنظر رکھ کر اسباق کی فہرست کے مطابق تدریس کی جائے۔
- × 'کیا آپ جانتے ہیں؟' کے تحت دی ہوئی معلومات کی قدر پیمائی نہ کی جائے۔
- ✓ درسی کتاب کے اختتام پر ضمیمہ دیا گیا ہے۔ اس میں جغرافیائی اصطلاحات اور تصورات کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ ضمیمے کے الفاظ کو ابجدی ترتیب میں لکھا گیا ہے۔ ضمیمے میں شامل اصطلاحات کو سبق میں نیلے رنگ کے چوکون میں لکھا گیا ہے۔ مثلاً 'وقت شماری' (سبق نمبر ۱، صفحہ ۱)
- ✓ سبق اور ضمیمے کے اختتام پر حوالہ جاتی ویب سائٹس دی ہوئی ہیں نیز حوالے کے طور پر استعمال کیے گئے وسائل کی معلومات بھی دے دی گئی ہے۔ آپ سے اور طلبہ سے بھی ان حوالوں کا استعمال متوقع ہے۔ ان وسائل کی مدد سے آپ کو درسی کتاب سے پرے بھی معلومات حاصل کرنے میں مدد ہوگی۔ اسے ذہن نشین رکھیں کہ مضمون کا مزید مطالعہ مضمون کو گہرائی سے سمجھنے کے لیے یہ ہمیشہ مفید ہوتا ہے۔
- ✓ قدر پیمائی کے لیے عملی کام پر اُکسانے والے، آزادانہ جواب والے، کئی متبادل اور غور طلب سوالوں کا استعمال کیا جائے۔ سبق کے آخر میں مشق کے تحت ایسی کئی مثالیں دی ہوئی ہیں۔
- ✓ درسی کتاب میں دیے ہوئے 'کیو آر کوڈ' کا استعمال کریں۔




## — طلبہ کے لیے —




**گلوبی کا استعمال :** اس درسی کتاب میں گلوب کا استعمال بطور کردار کیا گیا ہے جسے 'گلوبی' نام دیا گیا ہے۔ یہ گلوبی آپ کو ہر سبق میں نظر آئے گی۔ سبق کے مختلف متوقع اُمور کے لیے یہ آپ کی مدد کرے گی۔ ہر مقام پر اس کے ذریعے سمجھائی گئی باتوں پر عمل کرنے کی کوشش کریں۔




# فہرست


| نمبر شمار | سبق کا نام | شعبہ | صفحہ نمبر | متوقع پیریڈ |
|---|---|---|---|---|
| ۱۔ | موسموں کا بننا (حصّہ-۱) | عام جغرافیہ | ۱ | ۰۳ |
| ۲۔ | سورج، چاند اور زمین | عام جغرافیہ | ۳ | ۰۹ |
| ۳۔ | مدوجزر | طبعی جغرافیہ | ۹ | ۱۰ |
| ۴۔ | ہوا کا دباؤ | طبعی جغرافیہ | ۱۶ | ۰۹ |
| ۵۔ | ہوائیں | طبعی جغرافیہ | ۲۱ | ۰۹ |
| ۶۔ | قدرتی خطّے | طبعی جغرافیہ | ۳۰ | ۱۳ |
| ۷۔ | مٹّی | طبعی جغرافیہ | ۳۹ | ۰۹ |
| ۸۔ | موسموں کا بننا (حصّہ-۲) | عام جغرافیہ | ۴۶ | ۱۰ |
| ۹۔ | زراعت | انسانی جغرافیہ | ۵۲ | ۱۲ |
| ۱۰۔ | انسانی بستیاں | انسانی جغرافیہ | ۶۲ | ۰۷ |
| ۱۱۔ | قنطوری نقشے اور زمینی شکلیں | عملی جغرافیہ | ۶۹ | ۰۷ |
| | ضمیمہ - جغرافیائی اصطلاحات کے مفصل معنی | | ۷۵ | (کل) ۹۸ |



**S.O.I. Note :** The following foot notes are applicable : (1) © Government of India, Copyright : 2017. (2) The responsibility for the correctness of internal details rests with the publisher. (3) The territorial waters of India extend into the sea to a distance of twelve nautical miles measured from the appropriate base line. (4) The administrative headquarters of Chandigarh, Haryana and Punjab are at Chandigarh. (5) The interstate boundaries amongst Arunachal Pradesh, Assam and Meghalaya shown on this map are as interpreted from the "North-Eastern Areas (Reorganisation) Act. 1971," but have yet to be verified. (6) The external boundaries and coastlines of India agree with the Record/Master Copy certified by Survey of India. (7) The state boundaries between Uttarakhand & Uttar Pradesh, Bihar & Jharkhand and Chattisgarh & Madhya Pradesh have not been verified by the Governments concerned. (8) The spellings of names in this map, have been taken from various sources.

**DISCLAIMER Note :** All attempts have been made to contact copy righters (©) but we have not heard from them. We will be pleased to acknowledge the copy right holder (s) in our next edition if we learn from them.


**سرورق :** گلوب پر مختلف قدرتی خطوں کے اہم مظاہر لگاتے ہوئے لڑکا اور لڑکی۔ **پشتی ورق :** (۱) گیٹ وے آف انڈیا، ممبئی (۲) مسائی اور جھولو قبائل کے افراد اور ان کے مکانات (۳) ہمپی، کرناٹک (۴) ٹنڈرا علاقے میں مروّج گاڑی - اسلیج (۵) منگولیا قبیلے کا شکاری (۶) جنوبی ایشیا کی اہم فصل - چاول کی کاشت کرتے ہوئے۔